09جولائی2026ء

کارکنوں کی ترسیلات زر برائے جون2026ء کی پریس ریلیز

1۔ جون2026ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں 3.5ارب امریکی ڈالر کی آمد ہوئی۔

2۔ نمو کے لحاظ سے ترسیلات زر میں سال بسال 2.0 فیصد اضافہ اور ماہ بہ ماہ 18.3 فیصد کمی ہوئی۔

3۔ مالی سال26ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی رقم مجموعی طور پر 41.6ارب ڈالر رہی جو مالی سال25ء کے دوران موصولہ 38.3ارب ڈالر کے مقابلے میں 8.6 فیصد اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔

4۔ جون2026ء میں موصول ہونے والی ترسیلات زر کا بیشتر حصہ سعودی عرب (829.6 ملین ڈالر) سے آیا جس کے بعد متحدہ عرب امارات (792.2 ملین ڈالر)، برطانیہ (514.9 ملین ڈالر) اور امریکہ (296.8 ملین ڈالر) سے رقوم موصول ہوئیں۔

****